# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

# 40th ANNUAL REPORT

## 2010-2011



آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

کی مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس 247 سیکنڈ فلور،
سٹی پلازہ حسرت موہانی روڈ، نیو چالی، کراچی سے جاری کیا۔

سوسائٹی آفس فون: 021-32629745

CS CamScanner

# میمن نگر- سیکٹر 13-A
# میں تعمیر شدہ
# مکانات کے مناظر





CS CamScanner




In The Name Of

# Allah

The Most Gracious, The Most Merciful



CamScanner

# مرحوم احمد عمر دیوان

## سابق صدر سوسائٹی

# کی یاد میں

مورخہ 25 مارچ 2012 کو جب یہ اطلاع ملی کہ احمد عمر دیوان اب ہم میں نہیں رہے۔ تو کچھ دیر کے لئے سکتہ طاری ہوگیا اور اپنی سماعت پر یقین نہیں آیا۔ بہرحال رضائے الٰہی کے سامنے کسی کا بس نہیں چلتا۔ ہر جاندار کو ایک دن موت کا مزہ چکھنا ہے۔ یہی قانون قدرت ہے۔ لیکن کچھ لوگوں کو اس جہان فانی سے چلے جانے کے بعد بھی ان کے نیک کاموں کے سبب یاد کیا جاتا ہے۔ جن میں سے ایک احمد عمر دیوان تھے۔ مرحوم سوسائٹی ہذا کے بانی ممبران میں سے ایک تھے۔ اور آخری دم تک سوسائٹی کی بہتری کے لئے اپنے آپ کو وقف کر رکھا تھا۔ مرحوم سوسائٹی کے صدر کی حیثیت سے آخری ایام تک خدمت کرتے رہے۔ وہ نہایت دیانتدار، شریف النفس اور نرم مزاج کے مالک تھے۔ وہ ہمیشہ سوسائٹی کے مفاد کو ترجیح دیتے تھے۔ اور انتظامیہ کمیٹی کے تمام ارکان کو مل کر یکسوئی کے ساتھ سوسائٹی کی بہتری کے لئے کام کرنے کی تلقین کرتے تھے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں رکھے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔

آمین۔

CamScanner



# خطاب

**عبدلواحد موسیٰ**

**نائب صدر سوسائٹی**

معزز ممبران سوسائٹی اور انتظامیہ کمیٹی

السلام علیکم

شروع کرتا ہوں اللہ پاک کے بابرکت نام سے جو نہایت رحم کرنے والا ہے۔ سب سے پہلے میں اپنی سوسائٹی کے سابق صدر مرحوم احمد عمر دیوان کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ جن کا گزشتہ دونوں قضاالٰہی سے انتقال ہو گیا ہے۔ اور اجلاس شروع ہونے سے پہلے ان کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ وہ نہایت شریف آدمی تھے اور اپنی ساری عمر میمن برادری کے لئے صرف کر رکھی تھی۔ مجھے یاد ہے کہ انہوں نے سوسائٹی انتظامیہ کی میٹنگ جو کہ مورخہ 14-03-2012 کو ہوئی تھی اس کی صدارت فرمائی اور مورخہ 25-03-2012 ان کا انتقال ہو گیا۔ وہ آخری وقت تک سوسائٹی کے کام سے منسلک رہے۔ اور ہماری رہنمائی کرتے رہے۔ میں ان کی خدمات پر مرحوم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی جوار رحمت میں رکھے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

سوسائٹی کے امور کے بارے میں کیا عرض کروں۔ سب کچھ آپ کے سامنے ہے۔ سیکٹر 15-A میں آپ لوگوں کے تعاون اور سوسائٹی انتظامیہ کے تمام اراکین کی انتھک محنت کی بدولت بجلی کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ باقی سوسائٹی کے امور کی تفصیلات سوسائٹی کے جنرل جنرل سیکریٹری جناب یوسف عبداللہ صاحب آپ کے سامنے پیش کریں گے۔

اللہ ہم سب کا حامی و مددگار ہو۔


مشکور و ممنون

**عبدلواحد موسیٰ**

نائب صدر سوسائٹی

CS CamScanner

اعزازی جنرل سیکریٹری
محمد یوسف عبداللہ نوی والا



# سالانہ جائزہ رپورٹ

محترم جناب صدر نائب صدر اور معزز ممبران سوسائٹی

السلام علیکم!

شروع کرتا ہوں اللہ پاک کے بابرکت نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ جیسا کہ ہمارے نائب صدر جناب واحد موسیٰ صاحب آپ لوگوں کے گوش گزار کر چکے ہیں۔ میں صرف اتنا کہتا ہوں کہ احمد عمر دیوانؒ بھائی کی موت نہ صرف ہم لوگوں کے لئے بلکہ پوری میمن کمیونٹی کے لئے ایک بڑا نقصان ہے۔ وہ ہماری سوسائٹی کے بانی ممبران میں سے تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی میمن سوسائٹی کے لئے وقف کردی تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔ آمین۔

میں آج سوسائٹی کے 40ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر بطور اعزازی جنرل سیکریٹری آپ کے سامنے رپورٹ پیش کرنے سے پہلے یہ الفاظ ضرور کہوں نگا۔ :

بدلتا رہتا ہے یہ وقت، کروٹیں اکثر
خود اپنے حق میں زمانے بنانے پڑتے ہیں

میمن نگر کے تمام رہائشی حضرات میں سے شاید ہی کوئی مجھ سے ناوقف ہو۔ ویسے بھی جنرل سیکریٹری ہونے کے ناطے میرا یہ فرض ہے کہ آپ سے رابطے میں رہوں۔ اور انتظامیہ کمیٹی کے اراکین کے ساتھ مل کر ہر بنیادی سہولت آپ تک پہنچائی جاسکے۔ یہی وجہ ہے کہ آج میمن نگر سیکٹر A-13 پورے جوبن سے جگمگا رہا ہے۔ اور علاقے میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ سیکٹر A-15 کے بارے تمام انتظامیہ کمیٹی کے اراکین نے انتھک محنت اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے سیکٹر A-15 میں بجلی کا کام مکمل کرلیا ہے۔ مگر پانی کے معاملے پر کچھ شکایات ضرور ہیں۔ تمام انتظامیہ کمیٹی کے اراکین کوشش کررہے ہیں کہ KW&SB اتھارٹی اور دیگر ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے جلد از جلد ان شکایات کا ازالہ کیا جائے۔

اب ملاحظہ فرمایئے سوسائٹی انتظامیہ کی کارکردگی جائزہ رپورٹ برائے سال 2010-2011

# میمن نگر سیکٹر 13A

**۱۔ میمن مسجد میمن نگر** سیکٹر 13-A میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین منزلہ خوبصورت مسجد ہے۔ جہاں ہزاروں لوگ اللہ پاک کے حضور سجدہ ریز ہوتے ہیں۔ رمضان اور عیدین کے موقع پر مسجد کی رونق میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ ہماری مسجد کے پیش امام جناب مولانا محمد وقاص ہاشمی صاحب نے بڑی دلجوئی سے لوگوں کو یاد الٰہی میں لگا رکھا ہے۔ انکی جدو جہد ماشاء اللہ بہت اچھی ہے اور بڑی لگن سے کام کرتے ہیں۔ اور خاص طور پر رمضان المبارک کے مہینے میں بڑی پر رونق فضا قائم کر رکھی تھی۔ کثیر تعداد میں لوگ اعتکاف میں حصہ لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوشنودی حاصل کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے رمضان کے پورے مہینے میں افطاری کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اور رمضان کے آخری عشرے میں سحری اور افطاری (دونوں) کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

**۲۔ گارڈن** سیکٹر 13-A میں گارڈن کا کام مکمل کرنے میں محلّہ کمیٹی کا سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون رہا ہے۔ جس کے وجہ سے آج ہم اس گارڈن کو ماڈل پارک کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ جہاں میمن نگر کے رہائشی اپنی فیمیلیز کے ساتھ آتے ہیں اور کھلی فضا میں لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اس گارڈن کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ڈاکٹر فرحان صاحب نے سنبھال رکھی ہے۔

**۳۔ گیس لائن** سیکٹر 13-A میں گیس لائن کا کام سو فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں۔ اور رہائشی اس نعمت سے بھرپور فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

**۴۔ بجلی کی فراہمی** سیکٹر 13-A میں بجلی کی فراہمی کا کام بہت پہلے مکمل کر لیا گیا تھا۔ لہذا بجلی کے معاملے میں کوئی پریشانی نہیں ہے۔

**۵۔ (Road Work) سڑکوں کا کام** اللہ کے فضل و کرم سے سیکٹر 13-A میں سڑکوں کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے میمن نگر میں دوسرے علاقے کی نسبت بڑی رونق اور خوبصورتی نظر آتی ہے۔ سیکٹر 13-A میں تقریباً 70 فیصد پلاٹس پر مکانات تعمیر ہو چکے ہیں۔ باقی پلاٹ ہولڈرز سے میری گزارش ہے۔ کہ وہ آئیں اور اپنے پلاٹس پر جلد از جلد مکان تعمیر کروائیں تاکہ علاقے کی رونق میں مزید اضافہ ہو جائے۔

**۶۔ محلّہ کمیٹی سیکٹر 13-A** کے چیئرمین جناب محمد زبیر صاحب اور ان کے ساتھی جناب فیصل صاحب بڑی لگن سے فلاحی کام میں حصہ لیتے ہیں۔ سوسائٹی انتظامیہ محلّہ کمیٹی کو سیکورٹی کی مد میں مبلغ /24000 روپے ماہانہ ادا کرتی ہے۔ اور سیکورٹی گارڈز بھی محلّہ کی دیکھ بھال میں اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی لاپرواہی نہیں کرتے۔ سیکورٹی کے حوالے سے سیکٹر 13-A کے رہائشی حضرات بھی نہایت مطمئن نظر آتے ہیں۔

# میمن نگر سیکٹر 15A

۱۔ **مسجد** اس سیکٹر میں آبادی کم ہونے کی وجہ سے مسجد کی تعمیر کا کام ابھی شروع نہیں ہوا۔ البتہ نماز کے لئے انڈسٹریل ہوم سیکٹر 15-A پلاٹ پر نماز کی ادائیگی کا انتظام کیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو بہت جلد مسجد کی تعمیر شروع کروانے کی سعادت حاصل کرلی جائیگی۔

۲۔ **گیس کی سہولت** اس سیکٹر میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے گیس کی سہولت میسر ہے۔ اور تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں۔ اور وہاں کے رہائشی گیس کی نعمت سے مستفید ہو رہے ہیں۔

۳۔ **بجلی کی فراہمی** سیکٹر 15-A میں بجلی کی فراہمی کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ اس کام کے دوران کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا یہاں کے رہائشی حضرات بخوبی واقف ہیں۔ اب صرف ہائی ٹینشن سے کنکٹ کرنے کا کام باقی ہے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں یہ کام بھی مکمل ہو جائے گا۔ آپ لوگوں سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ کے پلاٹس پر جو بھی بقایا جات نکلتے ہیں آپ لوگ فوری طور پر جمع کروادیں۔ کیونکہ ہماری انتظامیہ بجلی کی مد میں بھاری رقم خرچ کر چکی ہے۔

۴۔ **محلّہ کمیٹی سیکٹر 15-A** سیکٹر 15-A کے رہائشی حضرات نے اپنی محلّہ کمیٹی بنا کر اپنے سیکٹر کی سیکورٹی اور Maintenance کا انتظام خود سنبھال لیا ہے۔ سوسائٹی انتظامیہ بھی اس سلسلے میں -/Rs.50,000 ماہانہ ادا کر رہی ہے۔ محلّہ کمیٹی کے صدر جناب عبدلقادر صاحب اور ان کے ساتھی بڑی محنت سے اپنے محلّہ داروں کی خدمت کر رہے ہیں۔ اور سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھی تعاون کرتے ہیں۔

۵۔ **پانی اور سیوریج کی لائنیں** پہلے سے موجود ہیں ہم نے مزید تین (3) انچ کی لائن کا کنکشن بھی لیا تھا۔ پھر بھی پانی کی فراہمی میں کچھ پریشانی کا سامنا ہے۔ انشاء اللہ KW&SB کی انتظامیہ کے ساتھ مل کر یہ مسئلہ بھی جلد حل کرلیا جائے گا۔

۶۔ **باؤنڈری وال** اللہ کے فضل وکرم سے Boundary Wall کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ البتہ سیکٹر 15-A/1 کے کچھ حصے پر کورٹ کیس چل رہا ہے۔ اس لئے تھوڑا سا کام رکا ہوا ہے۔ اللہ نے چاہا تو یہ مسئلہ بھی جلد حل ہو جائے گا۔

۷۔ میں آپ لوگوں کا شکرگزار ہوں کہ آپ تعمیراتی کاموں میں بڑے زور وشور سے مصروف عمل ہیں۔ اس وقت تقریباً 60 سے 70 مکانات تعمیر ہو چکے ہیں۔ اور 30 سے 40 مکانات کے نقشے پاس ہونے کے لئے جا چکے ہیں۔ عنقریب ان کی تعمیرات بھی شروع ہو جائیگی۔ دیگر حضرات سے بھی میری اپیل ہے کہ آپ جلد از جلد اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کر دیں۔

CamScanner

# مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیز

۱۔ مینجنگ کمیٹی گزرے سال کے دوران 10 میٹنگز کیں۔ جن میں سوسائٹی کے معاملات پر بحث و تفہیم کے ذریعے متفقہ فیصلے کیئے گئے۔

۲۔ ٹرانسفر سب کمیٹی کے کنوینز جناب محمد زبیر کی سربراہی میں یہ کمیٹی اپنی ذمیداریاں بڑے احسن طریقے سے نبھارہی ہیں۔ پلاٹس کی ٹرانسفر کے سلسلے میں گزشتہ سال کی طرح امسال بھی کافی میٹنگز ہوئیں اور ایک خاصی تعداد میں پلاٹس کی ٹرانسفر عمل میں لائی گئی۔ سابق کنوینز ٹرانسفر سب کمیٹی جناب غلام حسین صاحب کی جانب سے بنائے گئے طریقہء کار پر ممبران بحسن و خوبی عمل پیرا ہیں۔

۳۔ ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کے کنوینر جناب ندیم حبیب صاحب بڑی دیانتداری سے کام سرانجام دیتے ہیں۔ اس سال ڈیولپمنٹ سب کمیٹی میٹنگز کے دوران مختلف کاموں پر غوروفکر کرنے کے بعد سفارشات دی گیئں۔ ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کے ارکان سیکٹر 15-A کے ترقیاتی کاموں پر بڑی سنجیدگی سے عمل پیرا ہیں۔

۴۔ بجلی کی فراہمی کے لئے سب کمیٹی کے کنوینز بھی جناب ندیم حبیب صاحب ہیں۔ اور وہ انتظامیہ کمیٹی کے تعاون سے سیکٹر 15-A میں بجلی کی فراہمی کے کام میں بڑی دلچسپی کا مظاہر کررہے ہیں۔ اس کام کے دوران کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ یہاں کے رہائشی حضرات بخوبی واقف ہیں۔ اب صرف ہائی ٹینشن سے کنکٹ کرنے کا کام باقی ہے۔ اور انشاء اللہ آنے والے چند دنوں میں سیکٹر 15-A بجلی کے قمقموں سے روشن ہوجائے گا۔

۵۔ آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی: اس سب کمیٹی کے کنوینز حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب نے اپنے فرائض بڑی خوش اسلوبی اور دیانتداری سے ادا کیئے سوسائٹی کے مالی معاملات میں انتظامیہ کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے۔ اور خاص طور پر آڈٹ کے معاملے میں بڑی باریک بینی سے کام لیتے ہیں۔

CS CamScanner

# سوسائٹی الیکشن برائے سال 2012-2011

اس سال صدر سوسائٹی کی نشست کے لئے دو حضرات نے کاغذات نامزدگی داخل کروائے ۔ اور چار اراکین کمیٹی کیلئے چھ عدد کاغذات نامزدگی جمع کروائے گئے ۔ بعدازاں ایک صاحب نے صدر سوسائٹی کیلئے اپنا نام واپس لے لیا اور اراکین کمیٹی کے کاغذات نامزدگی میں سے بھی دو حضرات نے اپنے نام واپس لے لئے ۔ اس طرح محمد زبیر ولد عبدالغفار بلا مقابلہ صدر سوسائٹی منتخب ہو گئے ۔ اور چار اراکین کمیٹی کیلئے (۱) جناب غلام حسین حبیب (۲) جناب اقبال اسماعیل قاسمانی (۳) جناب محمد صدیق اور (۴) جناب محمد اقبال غنی، بلا مقابلہ منتخب قرار پائے ۔ امید کرتے ہیں کہ منتخب صدر سوسائٹی اور چار اراکین انتظامیہ کمیٹی سوسائٹی کی بہتری کے لئے کوشاں رہیں گے ۔ میں ان تمام حضرات کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ آئندہ سال یہ منتخب حضرات سوسائٹی کے کاموں میں انتہائی خلوص اور جذبے کے ساتھ اپنی خدمات انجام دینگے ۔

میں سوسائٹی کے سنیئر رکن جناب غلام حسین حبیب صاحب اور نائب صدر جناب عبدلواحد موسیٰ صاحب کا بے حد شکر گزار ہوں جو نہایت دانش مندی سے سوسائٹی کے معاملات کو درست سمت میں لے کر چلنے کی تقلین کرتے ہیں ۔

دیگر اراکین، جناب محمد زبیر عبدلغفار، جناب حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب، جناب اقبال اسماعیل قاسمانی، جناب محمد اقبال غنی صاحب، جناب محمد حنیف سلطانی صاحب، جناب ندیم حبیب صاحب،، جناب محمد عرفان گاڈٹ صاحب اور جناب محمد منیر قادری صاحب کا بھی بے حد شکر گزار ہوں کہ ان تمام حضرات نے میرے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا ۔

میں سالانہ آڈٹ رپورٹ کے سلسلے میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساندھوانیڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنس کا بھی شکر گزار ہوں کہ انکے اسٹاف نے آڈٹ کے دوران بھرپور تعاون کیا ۔

میں یہاں سوسائٹی کے آفس اسٹاف کا بھی شکر گزار ہوں جو بڑی دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں ۔

آخر میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اگر آپ سب کا تعاون اور خلوص اسی طرح حاصل رہا تو بہت جلد سیکٹر A 15 بھی اسکیم 33 گلزار ہجری کے علاقے میں ایک دلکش رہائشی منصوبہ آپ کی نگاہوں کا مرکز ہوگا ۔

وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین

آپ کا مخلص


محمد یوسف عبداللہ نوی والا


اعزازی جنرل سیکریٹری

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A کی تصویری جھلکیاں













CamScanner







CamScanner







CamScanner








CamScanner

# اراکین مجلس انتظامیہ

## برائے سال 2010-2011



مرحوم احمد عمر دیوان
سابق صدر سوسائٹی



جناب ایم یوسف عبداللہ نوی والا
اعزازی جنرل سیکریٹری



جناب عبدالواحد موسیٰ
نائب صدر سوسائٹی

# اراکین مجلس انتظامیہ



جناب غلام حسین حبیب



جناب محمد زبیر عبدالغفار



جناب حاجی عبدالرزاق حاجی محمد



جناب اقبال اسماعیل قاسا



جناب محمد حنیف سلطانی



جناب محمد منیر قادری



جناب محمد اقبال غنی



جناب ندیم حبیب



جناب محمد عارف سوریا



جناب محمد عرفان گاڈت

# میمن نگر سیکٹر 13-A کی تصویری جھلکیاں







CS CamScanner







CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15-A کی تصویری جھلکیاں








CamScanner







CamScanner







CamScanner








CamScanner







CamScanner







CamScanner

# MINUTES OF THE 39th ANNUAL GENERAL BODY MEETING HELD ON SUNDAY THE 05TH OF JUNE, 2011

THIRTY NINTH (39th) Meeting of the General Body of Society was held on "SUNDAY" the 05TH of June, 2011 at 11.00 a.m. at site Sector 15-A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi.

As per attendance Register Thirty Two (32) members of Society attended this meeting. The Dy. District Office, Coop. Societies VI, Karachi alongwith his two subordinates were kind to attend and to witness the meeting proceedings.

The meeting started with recitation of **"HOLY QURAN"** made by Abdul Wahid Musa. Then, the agenda was taken up :-

Item # 1 Minutes of the last Annual General Body Meeting held on 04th April, 2010, which were already printed in the Annual Report and were also circulated to the members. There was no query made from any member. Thereafter, minutes were confirmed unanimously.

Item # 2 (A) Mr. Ahmed Umer Diwan – President of Society, made his brief Speech and applauded the efforts of M.C Members who struggled voluntarily for Electrification work in Sector 15-A of this Society. and informed that Society had paid Rs.2,370,000 only to the KESC six months ago for the said job which will be completed immediately.

(B) Mr. Abdul Wahid Musa, the Vice President of Society also briefed the house on the issue of Electrification work in Sector 15-A. He explained about how much struggle made by M.C members in the way arranging payment of Electrification work.

(C) A detailed Annual Report of Society's activities for the year 2009-2010, was presented by the Honorary General Secretary Mr. Muhammad Yousuf Abdullah, who explained that Society has paid Rs. 2,370,000/- to the KESC but work is linger-on due to strike of the KESC Workers.

CS CamScanner

m # 3 The Accounts and Balance Sheet of Society for the year 2009-2010 there was no query raised by any member. Therefore, Accounts and Balance Sheets of the Society were approved by the House.

m # 4 Appointment of M/s. Sandhu & Company, Chartered Accountants as Auditors of Society for the year 2010-2011, was approved unanimously.

m # 5 The H.G.S informed the house about Society,s Election for the year 2010-2011 that Mr. Ahmed Umer Diwan has been elected un-opposed for Presidentship. Election process for four committeemen started at 3 p.m among seven candidates. However, the same was completed peacefully and the Election Commissioner - Mr. Mustafa Lakhani Advocate, announced that following four members have been elected successful as per ballot papers numbering result:-

Committemen:- (1) Mr. Abdul Wahid Musa
(2) Mr. Nadeem Habib
(3) Mr. Muhammad Munir Qadri
(4) Mr. Muhammad Irfan Gadit

m # 6 Any Other Matter

The resident members were showing their strong anger on short supply of water. The HGS and Mr.M. Zubair assured them that their complain will be solved within a week through KWSB officials. The residen members were also requested to cooperate with the H.G.S in this regard

Hon. Gen. Secy. President

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD

247-SUNNY PLAZA, 2ND FLOOR, HASRAT MOHANI ROAD,
NEW CHALLI, KARACHI. TEL. 32629745

AMWCHS/37th AGBM — Karachi dated 26.03.2012

## NOTICE FOR THE 40TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2010-2011

y Seventh (40th) Annual General Body Meeting and Election of Society for the year 2010- l will be held on "SUNDAY" the 20th of May,2012 at Site, Sector 15-A, Memon Nagar, me-33, Karachi.

of Meeting is 11.00 a.m to 01.00 p.m

wing Agenda will be transacted at the General Body Meeting:-

nda TILAWAT-E-QURAN SHARIF & Fateha Khanni for departed soul of LATE AHMED OMER DIWAN - who was the president of society

# 1 To read and confirm the Minutes of the 39th Annual General Body Meeting of Society held on 05-04-2011

# 2 (i) A brief speech by the Vice President of Society.
(ii) Annual Report of Society's activities by H. G. S for the year 2010-2011.

# 3 To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of Society duly audited by the Chartered Accountants, M/s.Sandhu & Company, for the year 2010-2011

# 4 To appoint Auditors of Society for the year 2011-2012 and to fix their remuneration.

# 5 To approve for amendment in Bye-Laws No. 80, present address of Society office - Room # 247 Sunny Plaza, 2nd Floor, Hasrat Mohani Road, Karahci.

# 6 To elect One President and Four Committeemen for the year 2011-2012 as per Society bye-laws No.47(a)

| | |
|---|---|
| President | Vacant |
| ...iring Committeemen | 1) Mr. M. Iqbal Ghani<br>2) Mr. M. Arif Suriya<br>3) Mr. Iqbal Ismail Kasmani<br>4) Vacant |

m # 7 Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting:


I. In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal condition in the city, the adjourned meeting will be held on "SUNDAY" 27-05-2012 at the same place and same time.

II. Any member wishing to move any resolution should submit the text duly proposed and seconded in this Society Office during office hours minimum 14 days before the Annual General Body Meeting.

M.Yousuf Abdullah Naviwala
Hon. Gen. Secy.
For A.M.W.C.H.S Ltd, Karachi.

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE
## CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.





247, 2ND FLOOR, SUNNY PLAZA, HASRAT MOHANI ROAD,
NEW CHALI, KARACHI. PHONE : 021-32629745

CamScanner

# ALL MEMON

## WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.

### MANAGING COMMITTEE OF SOCIETY FOR THE YEAR 2010-2011

| | | |
|---|---|---|
| 1. | MR. AHMED OMER DIWAN | PRESIDENT |
| 2. | MR. ABDUL WAHID MUSA | VICE PRESIDENT |
| 3. | MR. M. YOUSUF ABDULLAH NAVIWALA | HON. GEN. SECY. |
| 4. | MR. GHULAM HUSSAIN HABIB | MEMBER |
| 5. | HAJI ABDUL RAZZAK HAJI MUHAMMAD | MEMBER |
| 6. | MR. MUHAMMAD IQBAL GHANI | MEMBER |
| 7. | MR. IQBAL ISAMIL KASMANI | MEMBER |
| 8. | MR. MUHAMMAD ZUBAIR A. GHAFFAR | MEMBER |
| 9. | MR. MUHAMMAD HANIF SULTANI | MEMBER |
| 10. | MR. MUHAMMAD ARIF SURIYA | MEMBER |
| 11. | MR. MUHAMMAD MUNEER QADRI | MEMBER |
| 12. | MR. MUHAMMAD IRFAN GADIT | MEMBER |
| 13. | MR. NADEEM HABIB | MEMBER |

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A & 15-A, SCHEME-33, KARACHI.

CS CamScanner